## پشاور میں امام بارگاہ میں بم دھماکہ فرقہ وارانہ فسادات کروانے کی سازش ہے۔الطاف حسین

## بم دھماکہ پر اظہار مذمت۔ متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے افسوس کا اظہار

## شیعہ اور سنّی مسلمان اپنے جذبات قابو میں رکھیں اور اتحاد کے ذریعے فسادات کی گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں

## علماء کرام عوام کو آپس میں لڑوانے کی سازشوں کو ناکام بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔17 جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور میں امام بارگاہ میں بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس واقعہ کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے افسوس اور دکھ کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ مذموم واقعہ شیعہ وسنّی عوام کو آپس میں لڑوانے اور فرقہ وارانہ فسادات کروانے کی سازش ہے اور یہ گھناؤنا عمل کرنے والے ملک وقوم کے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے شیعہ اور سنّی مسلمانوں سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں اور صبر وتحمل اور اتحاد کے ذریعے فسادات کروانے کی گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں۔انہوں نے شیعہ سنّی علماء کرام سے بھی پرزور اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے اور عوام کو آپس میں لڑوانے کی سازشوں کو ناکام بنانے میں اپنا بھرپور عملی کردار ادا کریں۔جناب الطاف حسین نے اس اندوہناک واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والوں کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور زخمیوں کو جلد صحت یاب کرے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دھماکہ کے ذمہ داروں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزائیں دی جائیں۔

## علمائے کرام اور عوام کے تعاون سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا فروغ چاہتے ہیں،شعیب بخاری

## علامہ اطہر حسین جعفری اور ممتاز عالم دین پروفیسر محمود حسین صدیقی سے ملاقات

کراچی۔۔۔17،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور عوام کے تعاون سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور عوام کے درمیان بھائی چارے کے فروغ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور اللہ کے فضل وکرم سے ایم کیو ایم کی جدوجہد کامیابی سے جاری ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز معروف عالم دین علامہ اطہر حسین جعفری مشہدی اور ممتاز عالم دین پروفیسر محمود حسین صدیقی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتوں میں کہی۔یہ ملاقاتیں ایم کیو ایم کی جانب سے محرم الحرام میں قیام امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کے سلسلے میں کی جارہی ہیں۔ملاقات میں شعیب احمد بخاری نے علمائے کرام سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر ایم کیو ایم سمیت تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ عوام کے درمیان فقہہ،مسلک اور عقیدے کی بنیاد پر نفرتیں پیدا کرنے کی سازشوں کو ناکام بنائیں اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے عملی جدوجہد کریں۔اس موقع پر علامہ اطہر حسین جعفری مشہدی اور پروفیسر محمود حسین صدیقی نے تمام مکاتب فکر کے عوام کے درمیان فرقہ وارنہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیو ایم اور جناب الطاف حسین کے عملی کردار کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر کے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرکے بہت بڑا کارنامہ انجام دیا ہے۔انہوں نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور عوام سے اپیل کی کہ وہ محرام الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور عوام کو آپس میں لڑانے کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔علمائے کرام نے جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیو ایم اولڈ لیاری سیکٹر کمیٹی کے رکن اور برنس روڈ سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اولڈ لیاری سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن حکیم عاصم احسن کی والدہ محترمہ صابرہ خاتون اور ایم کیو ایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 22 رتن تلاؤ کے کارکن محمد علی صدیقی کی والدہ محترمہ سعیدہ عرفان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ اقتدار کے بجائے عوامی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کررہی ہے،علیم الرحمان
## پی ایس 124 کا اللہ والا ٹاؤن میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔17،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 124 علیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی سیاست کا مقصد عوام کی عملی خدمت ہے اور ایم کیوایم اقتدار کے حصول کی سیاست کے بجائے عوامی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔اللہ والا ٹاؤن میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق حق پرست نمائندے دن رات عوامی مسائل کے حل کیلئے مصروف عمل ہیں اور انشاءاللہ عوامی خدمت کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں بار بار آزمائے ہوئے سیاستدانوں کو آزمانے کے بجائے اپنی صفوں سے مخلص اور دیانتدار قیادت کا انتخاب کریں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں۔

## ایم کیوایم،پاکستان کی ترقی وخوشحالی کی ضمانت ہے،اقبال قادری،سید رضا حیدر
## اورنگی ٹاؤن کی فیض عام کالونی میں منعقدہ عوامی اجتماع سے حق پرست امیدواران کا خطاب

کراچی۔۔۔17،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 241 اقبال قادری اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 94 سید رضا حیدر نے کہا ہے کہ 2008ء کے انتخابات غریب ومتوسط طبقے کے عوام کیلئے نیک شگون ثابت ہوں گے اور ملک بھر کے عوام حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنا کر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردیں گے۔گزشتہ روز اورنگی ٹاؤن کی فیض عام کالونی میں رابطہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے پاکستان کی ترقی وخوشحالی پر جمود طاری کررکھا ہے اور ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے ملک بھر میں فروغ پارہا ہے اور ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ ایم کیوایم،پاکستان کی ترقی وخوشحالی کی ضمانت ہے۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ آئندہ انتخابات میں ملک بھر کے عوام حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کریں گے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں،سازشی عناصر سے ہوشیار رہیں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## عوام نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کو مسترد کردیں،حق پرست امیدواران
## بلدیہ ٹاؤن کے گلشن غازی اور فقیر کالونی میں منعقدہ اجتماعات سے حق پرست امیدواران خواجہ سہیل منصور اور حنیف شیخ کا خطاب

کراچی۔۔۔17،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 240 خواجہ سہیل منصور اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 91 حنیف شیخ نے کہا ہے کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی محافظ ہیں لہٰذا عوام آئندہ انتخابات میں غریب عوام کا کھوکھلا نعرہ لگانے والی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کو مسترد کردیں۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز بلدیہ ٹاؤن کے گلشن غازی اور فقیر کالونی میں منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے۔اس موقع پر علاقے کے عوام نے حق پرست امیدواران کو اپنے مسائل سے بھی آگاہ کیا۔خواجہ سہیل منصور اور حنیف شیخ نے کہا کہ حق پرستوں کو جب جب عوامی خدمت کا موقع ملا انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کی روشنی میں خدمت کے ایسے سنہرے باب رقم کئے جواب پاکستان کی تاریخ مثال بن چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کے اس عمل کے تسلسل کیلئے حق پرست عوام ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں اور آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## 18،فروری کا دن قومی لٹیروں کے احتساب کا دن ہوگا،عسکری تقوی

## ڈولی کھاتہ،امینہ بائی بلڈنگ اور اقبال مارکیٹ میں رابطہ مہم کے سلسلے میں چھوٹے بڑے اجتماعات سے حق پرست امیدوار کا خطاب

کراچی۔۔۔17،جنوری2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس113 کی نشست کیلئے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار عسکری تقوی نے کہا ہے کہ 18،فروری کا دن ملک وقوم کو دھوکہ دینے اور قومی خزانے کی لوٹ مار کرنے والوں کے احتساب کا دن ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے ڈولی کھاتہ،امینہ بائی بلڈنگ اور اقبال مارکیٹ میں عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ اجتماعات میں عوام سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔عسکری تقوی نے کہا کہ جب تک ملک میں منصفانہ نظام رائج نہیں ہوگا غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے بنیادی مسائل حل نہیں ہوسکیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے میرٹ اور انصاف کے نظام کو نہ صرف فروغ دیا بلکہ اس کے ذریعے عوامی مسائل کو بھی حل کئے۔انہوں نے کہا کہ سندھ بالخصوص کراچی میں ہونے والے ترقیاتی وتعمیراتی منصوبے اس بات کا ثبوت ہیں کہ حق پرست عوامی نمائندوں عوام کی عملی خدمت کررہے ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کہ وہ محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔

## ایم کیوایم جمہوریت کا فروغ چاہتی ہے،ارباب عبدالشکور

## بلوچستان کی نشست پی بی 5 کے حق پرست امیدوار کا عوامی اجتماعات سے خطاب

کوئٹہ۔۔۔17،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے پی بی 5 کی ارباب عبدالشکور کاسی نے کہا ہے ایم کیوایم ملک میں فرسودہ وغیر جمہوری سیاسی کلچر کا خاتمہ کرکے ملک میں صحیح معنوں میں جمہوریت کا فروغ چاہتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں موسیٰ کالونی،سنزل روڈ،عیسی نگری،کلی تاج محمد اور شرقی بائی پاس کلی ملاخیل میں عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم بلوچستان کے سیکریٹری نشرواشاعت سید سلیم اختر اور رکن صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی ملک جنت گل کاکڑ بھی موجود تھے۔حق پرست امیدوار عبدالشکور کاسی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پر روز اول سے نام نہاد سیاسی چغادریوں نے قبضہ کررکھا ہے جس کی وجہ سے عوام سیاسی،سماجی اور معاشرتی استحصال کے شکنجے میں جکڑے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ،ظلم وجبر کے اس نظام کا خاتمہ کرکے غریب عوام کو باعزت مقام دلانے کی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ 18،فروری کو ہونے والے الیکشن میں وہ حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہریں لگائیں اور حق پرست امیدواروں کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## شیر پاؤ کالونی لانڈھی میں رہائش پذیر پختونوں کی مہمند اور صافی برادریوں نے حق پرست امیدوار سردار خان کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔17،جنوری2008ء

شیر پاؤ کالونی لانڈھی میں رہائش پذیر پختونوں کی مہمند اور صافی برادریوں نے آئندہ انتخابات میں صوبائی اسمبلی کے حلقہ 128 سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار سردار خان کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز شیر پاؤ کالونی میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا جس میں پختون عمائدین،نوجوانوں اور بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔حق پرست امیدوار کی حمایت کا اعلان کرنے والوں میں پختون برادریوں کے معززین عثمان غنی عرف توریالے،محمد غنی،میر احمد خان،حاجی سید معصوم،محمد ابراہیم،عبد المالک،میر عثمان،سیدا خان،معلم محمد اور عبدالغفور شامل ہیں۔اس موقع پر مہمند اور صافی برادریوں کے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم جناب الطاف حسین کے مشکور ہیں کہ انہوں نے ہماری پختون برادری کے نوجوان کو انتخابات میں ٹکٹ دیا اور اس عمل سے ثابت ہوگیا ہے کہ ایم کیوایم بلاامتیاز رنگ ونسل اور زبان نہ صرف غریب عوام کو نمائندگی کا موقع دے رہی ہے بلکہ عوام کی عملی خدمت بھی کررہی ہے۔قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار سردار خان نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین انسانیت کی بلاتفریق خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ کے دور حکومت میں پختون علاقوں میں سب سے زیادہ ترقیاتی کام کرائے گئے ہیں۔انہوں نے پختون عوام سے اپیل کی کہ وہ کراچی کا امن تباہ کرنے والے سازشی عناصر سے ہوشیار رہیں اور اپنے مثالی اتحاد کے ذریعے کراچی کا امن غارت کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔

☆☆☆☆☆